© rasailojaraid.com

RGD.L.No. 3204. رسالہ محدث دہلی رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۲۰۴

روح اخبار

—— گذشتہ ہفتہ تک سولہ ہزار حجاج یہاں پہنچ چکے ہیں۔ جہاز تالودی میں ۲۱۷ حجاج آئے ہیں، جن میں ۲۷ بچے بھی شامل ہیں۔ جہاز علوی بمبئی سے ۶۹۹ حجاج کو لایا ہے جن میں ۲ بچے ہیں ان حجاج کو شامل کرنے کے بعد حجاج کی تعداد ۱۷۹۱۷ تک پہنچ گئی ہے۔

—— انجیل کی نسبت یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جاتی ہے۔ سال رواں میں انجیل کے ایک کروڑ ۱۳ لاکھ ۴۳ ہزار ۹۴۸ نسخے فروخت اور تقسیم کئے گئے یہ تعداد اناجیل جدید عہد ناموں اور ان مقدس کتابوں کے حصوں پر مشتمل ہے یہ کتابیں کئی سو زبانوں میں شائع ہو چکی ہیں اور یہ بجائے خود مسیحیت کے مبلغین کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے جن ممالک کے لوگ اس قدر غریب ہیں کہ وہ انجیل کی قیمت ادا نہیں کر سکتے وہ نقدی کی بجائے مٹھائی انڈے گنے بلکہ کچھ دیکر انجیل خرید لیتے ہیں۔ مانچو کو کا ایک مسیحی مبلغ جو صرف انجیل فروخت کرنے پر مامور ہے جب ایک علاقہ میں دورہ کے بعد اپنے مستقر یعنی گرجا گھر کو واپس آیا تو اس کے سامان سے جانوروں کے چمڑے اور کھانا پکانے کے برتن برآمد ہوئے یہ اشیاء فروخت شدہ انجیلوں کی قیمت کے طور پر وصول کی گئی تھیں۔

—— گھڑیال کے پیٹ سے زندہ آدمی نکلا۔ ملتان کی ایک اطلاع سے پتہ چلتا ہے کہ ایک گھڑیال کے معدے سے ایک زندہ آدمی نکالا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پنجاب کے پانچ دریاؤں کے سنگم میں ایک گھڑیال ایک آدمی کو ہڑپ کر لیا۔ ایک ماہی گیر جائے واقعہ کی اطلاع پاتے ہی موقع پر پہنچا اور اس نے کسی تدبیر سے گھڑیال کو ہلاک کر کے اس کا پیٹ چاک کیا اور وہاں سے اس آدمی کو نکالا یہ شخص اگرچہ بیہوش تھا مگر بتدریج اسے ہوش آگیا۔ ہسپتال میں اس کی حالت اچھی ہو رہی ہے۔

—— ایک امریکن کمپنی کی اطلاع ہے کہ دنیا بھر میں کل ۳۵۰۲۸۶۸۲ ٹیلیفون مستعمل ہیں۔ ان میں سے قریباً نصف یعنی ۱۷۴۲۳۸۷۱ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ہیں۔ جرمنی دوسرے درجہ پر ہے۔ جس میں ۳۲۶۹۹۵۲ ٹیلیفون ہیں۔ برطانیہ تیسرے درجہ پر ہے جس میں ۲۵۱۱۱۷ ٹیلیفون ہیں۔ اس کے بعد بالترتیب فرانس کینیڈا اور جاپان کا نمبر آتا ہے۔

—— نیویارک (امریکہ) میں عالی شان اور سربفلک مکانات کے ساتھ زمین کے جو قطعات بطور پارک خالی پڑے ہوئے ہیں وہ حکومت نے مختلف فصلوں کی کاشت کے لئے بیکاروں کے حوالے کر دیئے ہیں تاکہ اس طریق سے بیکاری کا انسداد ہو سکے۔ چنانچہ مذکورہ بالا عمارتوں کے سایہ تلے سبزیاں اور ترکاریاں بوئی جاتی ہیں جو ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہیں۔

جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر ادارہ احمدیہ دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا

© rasailojaraid.com